© rasailojaraid.com



# تبصرے

## از ادارہ

کتاب کا نام : مولانا ابوالکلام آزاد

مصنف کا نام : غفران احمد ایم۔ اے

ضخامت : ۸۸ صفحات، تقطیع ۱۸×۲۲

قیمت : دس روپئے

ملنے کا پتہ : فیضان بک سپلائرز۔
قاسم جان اسٹریٹ۔ دہلی ۱۱۰۰۰۶

مشہور جرنلسٹ غفران احمد ایم۔ اے کی یہ کتاب وقت کی ایک اہم ضرورت کو پورا کرتی ہے۔ یہ کتاب تحریکِ آزادی میں ہمارے اسلاف کی قربانیوں کی یاد تازہ کرنے کا جذبے سے لکھی گئی ہے۔ اس سلسلہ کی یہ پہلی کتاب ہے۔ سیاسی وجوہ کی بناپر ہندوستان کی تحریکِ آزادی میں مسلمانوں کی قربانیوں کو نظرانداز کر دیا ہے۔ حالانکہ انھوں نے اپنے مردی تناسب کے لحاظ سے دوسروں کے مقابلے میں تحریکِ آزادی میں زیادہ ہی حصہ لیا۔ اس راہ میں پیش آنے والے مصائب اور قید و بند کی طویل زندگی سے گذرے۔

ابھی تو آزادی کے صرف ۳۶ برس گذرے ہیں، پچاس برس بعد تو یکسر ان کو فراموش کر دیا جائے گا۔ مصنف نے انہی نقطۂ نظر سے تحریکِ آزادی کے پسِ منظر

© rasailojaraid.com